تبصرہ کتب

تبصرہ نگار--ن-ر

الفوزالاعظم شرح مسند الامام الأعظم : تالیف: مولانا مجیب الرحمٰن۔ناشر: دارالتصنیف دارالعلوم سعیدیہ اوگی مانسہرہ۔سائز:20×30/8 صفحات:463۔قیمت: درج نہیں۔

زیرنظر کتاب ''مسند امام اعظم'' کی مکمل اردو شرح ہے۔ جو ہزارہ ڈویژن کی معروف علمی شخصیت مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن صاحب کے فرزند مولانا مجیب الرحمٰن کی علمی کاوش ہے۔شرح میں ان کا اسلوب یہ ہے کہ وہ سب سے پہلے حدیث کا غیر مشکول عربی متن اور اس کا ترجمہ ذکر کرتے ہیں۔ بعد ازاں غریب الحدیث کا حل، تشریح طلب جملوں کی وضاحت اور عنوانات قائم کر کے حدیث شریف سے مستنبط ہونے والے مسائل، نکات اور فوائد بیان کرتے ہیں، حدیث میں مذکور کسی فقہی مسئلہ میں ائمہ کا اختلاف ہو تو اسے بھی دلائل کے ساتھ بیان کر کے مخالفین کے دلائل کا جواب دیتے ہوئے قول راجح کی مدلل تعیین کرتے ہیں۔ کبھی کبھار مسند کی کسی حدیث کی تخریج بھی کر دیتے ہیں۔ مگر اس کا اہتمام نہیں کرتے۔ البتہ حوالہ جات کا انہوں نے پوری کتاب میں خوب اہتمام کیا ہے، جس سے یہ درسی شرح ایک تحقیقی کتاب کی حیثیت اختیار کر گئی۔

فاضل مولف کا انداز واسلوب اگرچہ ٹھوس اور تحقیقی ہے مگر پیچیدہ ہرگز نہیں۔ شرح سے ہر قسم کی استعداد کے طلبہ استفادہ کر سکتے ہیں۔ مسند امام اعظم کی یہ انتہائی جامع مختصر اور تحقیقی شرح ہے، امید ہے کہ اہل علم اس کی کماحقہ قدردانی کریں گے۔ تاہم اگر اگلے ایڈیشن میں مسند کی احادیث کی مکمل تخریج، حدیث کے متن پر اعراب اور کسی ماہر اردو دان سے زبان کی اصلاح کر دی جائے تو کتاب کو چار چند لگ جائیں گے۔ نیز سیٹنگ میں بھی سلیقہ مندی کی گنجائش ہے۔

تحفة القاري لحلّ مافي صحيح البخاري : تالیف: مولانا محمد یوسف مدنی۔ناشر: مکتبہ